سواری کرنے میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا طریقہ

هدي النبي صلى الله عليه وسلم في الركوب

[urdu - اردو - أردو]

شيخ محمد صالح المنجد

ترجمہ: اسلام سوال وجواب ویب سائٹ
تنسیق: اسلام ہاؤس ویب سائٹ

ترجمة: موقع الإسلام سؤال وجواب
تنسيق: موقع islamhouse

2013 - 1434
IslamHouse.com

سواری کرنے میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا طریقہ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی کون کون سی سواریاں تھیں جن پرسواری کرتے تھے ؟

الحمدللہ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نےگھوڑے ، خچر ، اونٹ ، اورگدھے پر سواری فرمائ ، کبھی تونبی صلی اللہ علیہ وسلم گھوڑے کی ننگی پیٹھ پراورکبھی کاٹھی ڈال کرسوارہوئے ، بعض اوقات نبی صلی اللہ علیہ وسلم گھوڑے کودوڑاتے بھی تھے ، اکثرطورپر اکیلے ہی سوارہوتے اورکبھی اونٹ پر اپنے پیچھے کسی کوبٹھا بھی لیتے تھے ۔

اورکبھی ایسی بھی حالت ہوتی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اپنے آگے اور پیچھے بھی کسی بٹھاتے اورخود دومیان میں ہونے تواس طرح اونٹ پرتین اشخاص بیٹھتے تھے ، اوران پیچھے بیٹھنے والوں میں مرد بھی تھے اورآپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعض بیویاں بھی پیچھے بیٹھنے والوں میں شامل ہیں ۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اکثرطورپر سواری یا تواونٹ تھی اور یا پھر گھوڑا ، اورخچر کے متعلق یہ معروف ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک ہی خچرتھا جوکسی بادشاہ نے آپ کوھدیہ دیا تھا ، اورخچر عرب کی سرزمین پرمعروف نہیں تھے بلکہ جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کوخچر ھدیہ کیا گیا تویہ کہا گیا کہ :

کیا ہم گھوڑوں سےگدھوں کی جفتی نہ کروائیں ؟ تونبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

یہ کام تووہ لوگ کرتے ہیں جنہیں علم نہیں ہے ۔

دیکھیں سنن ابوداود حدیث نمبر (٢٥٦٥) علامہ البانی رحمہ اللہ تعالی نے اسے صحیح ابی داود حدیث نمبر (٢٢٣٦) میں صحیح قرار دیا ہے - .

دیکھیں زاد المعاد لابن قیم رحمہ اللہ تعالی (١ / ١٥٩)